صدیق پبلک سکول — جماعت: سوم — ورک شیٹ: 3

## اطلاقی گرامر: حرف، فعل، فاعل، مفعول

| |
|---|
| **حرف:** وہ کلمہ جو الفاظ کے درمیان تعلق پیدا کرے۔ جیسے: پر، میں، سے، کو، تک، نیچے، اوپر، آگے، پیچھے، پاس، ساتھ وغیرہ |
| **فعل:** وہ لفظ ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا وقت کے تعلق سے پایا جائے۔ جیسے: کھیلتا ہے، کھاتا تھا، بھاگے گا، دوڑتا ہے، آتا تھا، جائے گا، سوتا ہے وغیرہ |
| **فاعل:** کام کرنے والے کو کہتے ہیں۔ جیسے: "نعیم ہنس رہا ہے۔" اس جملے میں ہنسنے کا کام نعیم کر رہا ہے اس لیے نعیم فاعل ہے۔ |
| **مفعول:** وہ اسم ہے جو اس چیز یا شخص کو ظاہر کرے جس پر کوئی کام ہوا ہو۔ جیسے "عبداللہ نے سیب کھایا۔" اس جملے میں عبداللہ نے کھانے کا کام سیب پر کیا اس لیے سیب مفعول ہے۔ |

**سرگرمی:** دیے گئے فقرات میں خط کشیدہ الفاظ قواعد کی رو سے کیا ہیں؟ دیے گئے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ آسمان پر ستارے <u>چمکتے ہیں</u>۔ | حرف | فعل |
| 2۔ کھلاڑی میدان <u>میں</u> کھیلتے ہیں۔ | مفعول | حرف |
| 3۔ ابّو جان نے سائیکل <u>خریدی</u>۔ | فاعل | فعل |
| 4۔ ہر وقت خدا <u>کو</u> یاد رکھو۔ | حرف | مفعول |
| 5۔ <u>علی</u> تلاوت کر رہا ہے۔ | مفعول | فاعل |
| 6۔ مالی بابا نے <u>پھول</u> توڑا۔ | حرف | مفعول |
| 7۔ جنگل میں جانور <u>رہتے تھے</u>۔ | فعل | فاعل |
| 8۔ دادا جان نے <u>پانی</u> پیا۔ | حرف | مفعول |
| 9۔ <u>حسن</u> تیزی سے بھاگا۔ | مفعول | فاعل |
| 10۔ چڑیا درخت <u>پر</u> بیٹھی تھی۔ | فعل | حرف |








LIVEWORKSHEETS